رہبر انقلاب اسلامی سے صدر مملکت اور انکی کابینہ کے اراکین کی ملاقات - 25 /Jun/ 2016

رہبر انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ سید علی خامنہ ای نے صدر مملکت اور ان کی کابینہ کے اراکین سے ملاقات میں نہج البلاغہ کی چند حکمتوں کی تشریح فرمائیـ
آپ نے فتنے کی صورتحال سے نمٹنے کے لئے حضرت امیر المومنین علیہ السلام کے کلام کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ حضرت علی علیہ السلام نے وصیت کی ہے کہ فتنے کے زمانے میں حق اور باطل کی تشخیص عوام کے لئے بہت مشکل ہوجاتی ہے، اس لئے ایسا طریقہ کار اپنانا چاہئے کہ جس سے فتنے کو کسی قسم کا کوئی فائدہ نہ پہنچ رہا ہوـ
رہبر انقلاب اسلامی نے مزید فرمایا کہ فتنے کے حالات مثلا 2009 جیسے حالات میں گفتگو، سکوت، اقدامات، حتی طرز فکر بھی ایسا نہیں ہونا چاہئے کہ جس سے فتنے کو تقویت حاصل ہوـ
حضرت آیت اللہ خامنہ ای نے فرمایا کہ البتہ ممکن ہے کہ بعض افراد اپنے خاص رجحان کی وجہ سے فتنے کے مدمقابل صراحت کے ساتھ موجودگی کو پسند نہ کرتے ہوں لیکن اس بات سے بھی فتنے کے حق میں استفادہ نہیں ہونا چاہئےـ
آپ نے دولت اور ثروت اور خاص امتیاز حاصل کرنے کے لئے منصب کو استعمال کرنے سے متعلق نہج البلاغہ میں موجود امام علی علیہ السلام کی ایک اور حکمت کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ اپنے منصب کو اس طرح استعمال کرنا کہ جو درحقیقت ایک امانت ہے انسان کی تحقیر و تذلیل کا سبب بنتا ہےـ
رہبر انقلاب اسلامی نے اسی سلسلے میں خطیر رقوم پر مبنی تنخواہوں کا تذکرہ کرتے ہوئے تاکید کے ساتھ فرمایا ناقابل یقین تنخواہیں درحقیقت اقدار پر حملہ ہیں لیکن یہ بات جان لیں کہ یہ موضوع معدودے چند افراد سے متعلق ہے اور اداروں کے اکثر عہدے داران نیک صفت افراد ہیںـ لیکن اتنی کم تعداد کا ہونا بھی بہت برا ہے اور انکے خلاف کارروائی ہونی چاہئےـ
آپ نے صدر مملکت کی جانب سے نائب صدر کو اس مسئلے کی تحقیقات پر مامور کئے جانے کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا یہ مسئلہ وقت کی نذر نہیں ہوجانا چاہئے بلکہ اس سلسلے میں سنجیدہ اقدامات کئے جانے چاہئیں اور اس کے نتائج سے عوام کو آگاہ کیا جانا چاہئےـ
رہبر انقلاب اسلامی نے فرمایا کہ مجھے جو اطلاعات ملی ہیں انکے مطابق اکثر اداروں کے افسران کی تنخواہیں معقول حد تک ہیں اور خطیر رقوم پر مبنی تنخواہیں صرف چند افسروں کی ہیں اور انہی چند موارد کے خلاف سختی سے کارروائی کی جانی چاہئےـ
حضرت آیت اللہ خامنہ ای نے اپنی گفتگو کے اختتام میں نہج البلاغہ میں موجود امام علی علیہ السلام کی ایک اور حکمت کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ ہمیشہ زبان کو قابو میں رکھنا چاہئے کیونکہ انسان کی بہت ساری مشکلات کا تعلق زبان سے ہےـ
آپ نے تاکید کے ساتھ فرمایا زبان کو قابو میں نہ رکھنے کی مشکلات بعض اوقات ذاتی ہوتی ہیں لیکن اکثر اوقات اس سے سماجی مشکلات پیدا ہوجاتی ہیں لہذا اس سلسلے میں بہت زیادہ احتیاط کی جانی چاہئےـ
رہبر انقلاب اسلامی کی گفتگو سے پہلے صدر مملکت حجت الاسلام والمسلمین روحانی نے حکومت کے اہم اقدامات اور سرگرمیوں کے متعلق رپورٹ پیش کیـ
اس ملاقات کے اختتام پر رہبر انقلاب اسلامی کی امامت میں نماز مگرب و عشاء ادا کی گئی اور حاضرین نے آپ کے ساتھ روزہ افطار کیاـ